# مطالعے کی بنیادی صلاحیتوں کے جانچ کار (Screener)

NYC Public Schools | Reads

Eric Adams Mayor | David C. Banks Chancellor

## NYCPS اہل خانہ کے اور نگہداشت فراہم کنندگان کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کے سب سے بڑے اہداف میں سے ایک ہدف یہ یقینی بنانا ہے کہ ہمارے تمام طلباء اچھی طرح مطالعہ کر سکتے ہیں۔ اس لیے ہم این وائی سی ریڈز پر زور دیتے ہیں اور اس لیے ہم آپ کے اپنے بچے کی تدریس میں مدد کرنے کے لیے آپ کے اشتراک کرنے پر شکرگزار ہیں! یہ جاننے کے لیے کہ ہر طالب علم کیسا مطالعہ کر رہا ہے اور اس کی تدریس میں کیسے مدد کی جا سکتی ہے، سال میں تین مرتبہ ہم تمام طلباء کو ایک مطالعہ کی ایک جانچ دیتے ہیں جسے ایک "بنیادی مطالعے کی صلاحیتوں کا جانچ کار" کہتے ہیں۔ ذیل میں ہم ان جانچ کاروں کے بارے میں دس عام سوالات کے جواب دے رہے ہیں۔

---

**1. بنیادی مطالعے کی صلاحیتوں کا جانچ کار کیا ہے؟ میرا بچہ اسے کیوں لے رہا ہے؟**

NYCPS کے تمام طلباء کی اچھی طرح مطالعہ کرنے میں مدد کرنے کے لیے این وائی سی ریڈز ایک کوشش ہے۔ این وائی سی ریڈز کے ایک حصے کے طور پر، تمام طلباء کو سال میں تین بار ایک بنیادی مطالعے کی صلاحیتوں کا جانچ کار دیا جاتا ہے۔ یہ جانچ کار مطالعہ کی ایک پڑتال ہے جو اساتذہ کو آپ کے بچے کی قوتوں کو سمجھنے اور انہیں اس میں بہتری لانے کے لیے کیا ضروری ہے، میں مدد کرتا ہے۔ آپ کا اسکول Acadience, Amplify, i-Ready, MAP یا STAR جانچ کار استعمال کر سکتا ہے۔

**2. یہ جانچ کار اساتذہ کو سمجھنے میں کیسے مدد کرتا ہے؟**

یہ جانچ کار اساتذہ کو آپ کے بچے کی بنیادی مطالعے کی صلاحیتوں کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ مطالعہ کے دو حصے ہوتے ہیں: ڈی کوڈنگ (الفاظ کی آواز نکالنا) اور اسے سمجھنا (جاننا کہ الفاظ کے کیا معنی ہیں اور کہانیاں کس چیز کے متعلق ہے)۔ ڈیکوڈ کرنے اور سمجھنے کے لیے مطالعے کی پانچ بنیادی صلاحیتیں ہوتی ہیں: الفاظ میں آوازوں کو سننا (صوتیاتی آگاہی)، جاننا کہ حروف کیسی آزاویں بناتے ہیں (صوتیات)، الفاظ کا جاننا، (ذخیرۂ الفاظ)، روانی سے پڑھنا (روانی) اور سمجھنا کہ الفاظ اور متن کے کیا مطلب ہیں (افہام و ادراک)۔ جانچ کار اساتذہ کو بتاتے ہیں کہ ان صلاحیتوں میں آپ کے بچے کی پیشرفت کیسی جا رہی ہے تاکہ وہ اہدافی تدریسی فراہم کر سکیں، جیسے کہ مزید مشق اور / یا تقویت۔

**3. جانچ کاری کے دوران میرا بچہ کیا کرتا ہے؟ کیا میرے بچے کو اس کے لیے پڑھنا چاہیئے؟**

آپ کا بچہ کلاس میں مطالعے کی جانچ کاری میں حصہ لے گا (جس میں عموماً 60 منٹ سے زیادہ نہیں لگیں گے) جس میں ان کی بنیادی مطالعے کی صلاحیتوں کی تشخیص کرنے کے لیے سوالات پوچھے جائیں گے۔ اس جانچ میں کسی استاد کے ساتھ یک بہ یک کام کرنا یا کمپیوٹر پر مبنی تشخیص شامل ہو سکتی ہے۔ آپ کے بچے کو کچھ بھی پڑھنے یا تیاری کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

مزید معلومات صفحے کی پُشت پر ملاحظہ کریں۔ ◄



**4. مجھے اپنے بچے کے جانچ کار کے نتائج کے بارے میں کیسے معلوم ہو گا؟**

آپ اپنے بچے کے نتائج کو اپنے این وائی سی اسکولز اکاؤنٹ(**schoolsaccount.nyc**) پر تلاش کر سکتے ہیں۔ لاگ اِن ہوں "MyStudent" پر اور اس کے بعد "Reading and Math Progress" ٹیب پر کلک کریں۔ مطالعے کے جانچ کار کے نتائج "MAP، i-Ready، Amplify، Acadience، یا STAR" میں تشخیص کا نام (پہلا کالم) اور مضمون کا "مطالعہ" (دوسرا کالم) میں ہیں۔ آپ 'شروع'، 'وسطی' اور 'تعلیمی سال کے آخر' کے تشخیصی دورانیے بھی دیکھیں گے۔

آپ "اسکور کی وضاحت" دیکھیں گے، جو کہے گا "گریڈ سطح سے متجاوز کارکردگی"، " گریڈ کی سطح پرکارکردگی"، یا "گریڈ سطح پر کارکردگی کے لیے اضافی مدد درکار ہے"۔ یہ آپ کے بچے کی ان کے گریڈ کے لیے سال میں جانچ کار دیئے جانے کے وقت پر ابدائی صلاحیتوں کی جانب پیشرفت کی عکاسی کر رہا ہے۔ اگر آپ کو نتائج نظر نہیں آ رہے ہیں، اپنے بچے کے استاد سے رابطہ کریں۔

**5. اگر میرے بچے کو گریڈ سطح پر کارکردگی دکھانے کے لیے مزید معاونت کی ضرورت ہوئی تو کیا ہو گا؟**

اگر آپ کا بچہ ابھی تک گریڈ سطح پر کارکردگی نہیں دکھا رہا ہے، ان کو معاونت کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کے بچے کو معاونت کی ضرورت ہے، آپ کے بچے کا استاد اسے فراہم کرے گا، مثال کے طور پر، ایک چھوٹے تدریسی گروہ میں۔ اگر آپ کا بچہ ابھی تک گریڈ سطح پر کارکردگی نہیں دکھا رہا ہے، اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ جن صلاحیتوں کی جانچ کی گئی ہیں انہیں ابھی تک کلاس میں نہیں پڑھایا گیا ہے۔ اگر ایسی صورت ہے تو اسے سمجھنے کے لیے آپ کے بچے کا استاد آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

**6. اگر میرا بچہ انگریزی میں بولنا اور پڑھنا سیکھ رہا ہے تو کیا ہو گا؟**

بعض اوقات تشخیصات مکمل تصویر کشی نہیں کرسکتیں کہ آپ کا بچہ کیا جانتا ہے کیونکہ وہ ابھی بھی انگریزی سیکھ رہا ہوتا ہے۔ اپنے بچے کے استاد سے بات کریں کہ انہیں ان کی گھریلو زبان میں کیا آتا ہے۔ مثال کے طور پر، بتائیں کہ آپ کا بچہ اپنی گھریلو زبان میں قافیے سمجھ سکتا ہے، ان کے حروف جانتا ہے، مطالعہ کر سکتا ہے، لکھ سکھتا ہے، اور مزید کچھ اور۔

**7. اگر میرا بچہ دو زبانیں سیکھنے کے لیے ایک دو لسانی پروگرام میں مندرج ہے، تو کیا ہو گا؟**

اس وسیلے میں دی گئی تمام تجاویز کو آپ کی گھریلو زبان میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ آپ کی گھریلو زبان کی قدر کی جاتی ہے اور یہ آپ کے بچے کو مطالعہ سیکھنے میں مدد کر سکتی ہے۔ اگر آپ کا بچہ ایک زبان کے مقابلے میں کسی دوسری زبان میں بہتر پیشرفت کر رہا ہے کوئی بات نہیں؛ ان کی صلاحیتیں اس دوسری زبان میں منتقل ہو جائیں گی۔ اپنے بچے کے استاد سے دونوں زبانوں میں پشرفت کے بارے میں معلوم کریں۔

**8. میں اپنے بچے کا Fountas & Pinnell (F&P) پر مطالعے کی سطح (A-Z) نہیں دیکھ رہا ہوں جیسے کہ میں پچھلے سالوں میں دیکھتا تھا۔ کیوں نہیں؟**

پچھلے سالوں میں، NYCPS ان تشخیصات کو استعمال کرتا تھا جنہیں طلباء کو مطالعہ کی A سے Z سطح تفویض کی گئی تھیں۔ یہ تشخیصات استاد کو مکمل طور پر یہ سمجھنے کے قابل نہیں بناتی کہ وہ طلباء کی الفاظ کی آوازیں نکالنے کی قابلیت کو سمجھ سکیں۔ لہٰذا، NYCPS اب ایسے جانچ کار استعمال کر رہا ہے جو اساتذہ کو طلباء کی مطالعہ کی تمام بنیادی صلاحیتوں میں پیشرفت کو سمجھنے کے قابل بناتی ہیں۔

**9. کیا ایک جانچ کار ویسا ہی ہے جیسے کہ نیو یارک ریاست فنونِ انگریزی زبان ("ELA") امتحان ہے؟**

جی نہیں، نیویارک ریاست ELA امتحان ایک دو دن کا امتحان ہوتا ہے جو 8-3 گریڈز کے طلباء ہر موسم بہار میں میں لیتے ہیں۔ طلباء کثیر انتخابی سوالات کے جواب دیتے ہیں اور ان کے مطالعہ کیے گئے پیراگرافس کی بنیاد پر سوالات کے تفصیلی جوابات تحریر کرتے ہیں۔ ELA امتحان صلاحیتوں کے ایک وسیع دائرے کی تشخیص کرتا ہے؛ جانچ کار مطالعہ کی مخصوص بنیادی صلاحیتوں کی تشخیص کرتا ہے۔

**10. میں اپنے بچے کی بطور کتب بین معاونت کرنے کے لیے کیا کر سکتا ہوں؟**

**NYCPS میں، یہ ہمارا کام ہے کہ تمام بچوں کو مطالعہ کرنا سکھائیں۔ گھر پر مدد کرنے کے لیے، آپ اپنے بچے کے استاد سے پوچھیں کہ آپ کا بچہ کیسی کارکردگی دکھا رہا ہے اور آپ مدد کرنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔**

**آپ یہ بھی کر سکتے ہیں:**

- بات کریں! اپنے بچے کے ساتھ اپنی گھریلو زبان میں بات کریں۔ اس سے ذخیرۂ الفاظ اور پس منظر کے علم میں اضافہ ہوتا ہے۔
- کسی لائبریری یا ہماری **مفت** ای لائبریری، Sora (**soraapp.com/welcome**) پر جائیں۔ وہ کتابیں منتخب کریں جو آپ کے بچے کو دلچسپ لگیں۔
- الفاظ کے کھیل کھیلیں۔ Scrabble، Boggle جیسے کھیل کھیلنے یا الفاظ تلاش کرنے سے ذخیرۂ الفاظ اور الفاظ کو پہچاننے میں بہتری آتی ہے۔
- مطالعہ کا ایک معمول بنائیں: مطالعہ کا معمول، جیسے رات کے کھانے کے بعد 20 منٹ مطالعہ کرنے سے مطالعہ کی ایک عادت بن جاتی ہے۔ آپ کا بچہ خود مختاری کے ساتھ مطالعہ کر سکتا ہے، کسی بالغ، یا کسی بڑے بھائی بہن یا کزن کے ساتھ مطالعہ کر سکتا ہے۔
- مزید تجاویز یہاں **schools.nyc.gov/LiteraryResources** تلاش کریں۔